سوال

(187) عورت کی اگر داڑھی مونچھ اگ آئے تو اسکا مونڈنا جائز ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر عورت کی دارھی مونچھ اگ آئے تو اسے مونڈنا جائز ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس کےلئے اپنی داڑھی مونڈنا جائز ہے کیونکہ اسکا مردوں کی داڑھی والا حکم ہے بلکہ اس کےلئے یہ مستحب ہے جیسے کے امام نووی نے شرح مسلم (1 139) میں کہا ہے :

''بارھواں مسئلہ : داڑھی کا مونڈنا حرام ہے لیکن اگر کسی عورت کی داڑھی نکل آئے تو اس کیلیئے سکا مونڈنا مستحب ہے اور (2 205) میں کہا ہے : ''ہاں اگر عورت کی داڑھی مو نچھ اگ آئے تو اسکا ازالہ حرام نہیں بلکہ ہمارے نزدیک مستحب ہے اور ابن جریر کہتے ہیں : اسکےلئے اسکی داڑھی یا داڑھی بچہ مونڈنا جائز نہیں اور نہ ہی مونچھ مونڈنا جائز ہے اسکی خلقت کو کمی پیشی سے نہیں بدل سکتی ۔ اور ہمارا مذہب وہی ہے جو آگے بیان ہوا ہے کے ان کےلیئے داڑھی مونچھ 'عنفقہ کا ازالہ مستحب ہے انکےلئے نہی آبروؤں اور چہرے کے اطراف میں ہے ۔

اور یہ سابقہ مسئلہ میں گزر چکا ہے کہ شارع جس سے سکوت اختیار کرے وہ معاف ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ الدین الخالص

ج1ص412